# اپر پرائمری اسکالرشپ امتحان (UPS) جماعت ہفتم ، اپریل - 2026

نشست نمبر

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | |

**0211**

سیٹ **A**

پرچہ نمبر : I

## میڈیم : اُردو

وقت : 11:00 سے 12:30

مضمون : زبانِ اوّل (اُردو) اور علمِ ریاضی

کل صفحات : 32

کل نمبرات : 150

**سوالیہ پرچہ حل کرنے سے پہلے دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

(1) اس سوالیہ پرچہ کے دو حصّے ہیں۔ حصّہ ''I'' میں زبانِ اوّل (اُردو) کے لیے 1 سے 25 اور حصّہ ''II'' میں علمِ ریاضی کے لیے 26 سے 75 ایسے کل 75 سوالات ہیں۔ تمام سوالات حل کرنا لازمی ہیں۔

(2) ہر سوال کے لیے دو (2) نمبرات ہیں۔

(3) سوالیہ پرچہ حل کرنے کے لیے کل 90 منٹ کا وقت دیا جائے گا۔

(4) جواب کا اندراج کرنے کے لیے الگ سے جوابی پرچہ دیا گیا ہے۔ ہر سوال نمبر کے سامنے چار متبادلات کے لیے ترتیب وار چار دائرے دیے گئے ہیں۔ اس میں صحیح متبادل والے دائرہ کو دی گئی مثال کے مطابق رنگ بھرنا ہے۔

**مثال** : سوال نمبر 6 کے صحیح جواب کا متبادل نمبر 2 ہو تو اسے اس طرح درج کریں :

سوال نمبر 6 : ① ● ③ ④

(5) ذیل کے مطابق درج کیے گئے جوابات قبول نہیں کیے جائیں گے۔

① ② ⊙ ④

(6) ہر سوال کے جواب کے لیے ایک سے زیادہ رنگے ہوئے دائرے، کانٹ چھانٹ کیے ہوئے جوابات قبول نہیں کیے جائیں گے۔

(7) ایک مرتبہ درج کیا ہوا جواب تبدیل نہیں کیا جا سکے گا۔

(8) متبادل دائروں کو بھرتے وقت صرف کالی (سیاہ) یا نیلی بال پین کا استعمال کریں۔ پینسل سے بھرے گئے جوابات ناقابل قبول ہوں گے۔

(9) سوالیہ پرچہ میں ہر صفحہ کی نچلی جانب اور پرچہ کے آخری صفحے پر رف کام کے لیے جگہ مہیّا کی گئی ہے۔ اسی جگہ پر رف کام کیا جائے۔

(10) امتحان کے لیے وقت محدود ہے اس لیے اگر آپ کو کسی سوال کا جواب نہیں آتا ہو تو اگلا سوال حل کریں۔ آخر میں وقت بچنے پر بقیہ سوالات حل کرنے کی کوشش کریں۔

(11) اگر کسی سوال میں خامی / غلطی ہو تو اس کی پوچھ تاچھ 'سپروائزر' یا 'سینٹر انچارج' سے نہ کریں۔

(12) سوال میں کوئی خامی / غلطی / اعتراض ہو تو اسکول یا سرپرست اس کی درخواست B.E.O یا ایجوکیشن آفیسر کو تحریری صورت میں نہ بھیجتے ہوئے براہ راست متعلقہ اسکول کے Login (لاگ ان) سے آن لائن بھیجیں۔

(13) خامی / غلطی / اعتراض سے متعلق تحریری شکایت آن لائن روانہ کرنے کی مدت پریکشا پریشد کی ویب سائٹ پر جوابات شائع کرنے کے بعد دس دنوں تک رہے گی۔

(14) طباعت کی غلطی یا دیگر وجوہات کی وجہ سے اگر سوال میں کوئی غلطی سرزد ہو گئی تو ماہرین کی کمیٹی کی آراء کے مطابق مناسب کارروائی کی جائے گی۔

(15) اردو زبان کے ساتھ انگریزی زبان میں سوالیہ پرچہ دیا گیا ہے۔ اردو زبان کے مشکوک سوالات کے لیے انگریزی زبان میں دیا ہوا سوال دیکھیں۔

**SECTION - I**

# اردو

**01.** واحد جمع کی صحیح جوڑی منتخب کیجیے۔

(1) چاچا - چاچی
(2) ثمر - شجر
(3) شریف - شرفاء
(4) سوال - جواب

**02.** دیے گئے متبادلات میں صرف مذکّر جنس کا گروہ پہچانیے۔

(1) ہرنی ، رانی ، مورنی
(2) گوالا ، مچھیرا ، باورچی
(3) شاعر ، چاچا ، نانی
(4) نواب ، صاحبہ ، استانی

**03.** ذیل کے جملے میں صفت کی قسم پہچانیے۔

میرے پاس بہت کتابیں ہیں۔

(1) صفت مقداری
(2) صفت ذاتی
(3) صفت نسبتی
(4) صفت عددی

**04.** رات میں اچانک بجلی چمکی، تو میں ڈر گیا۔

مندرجہ بالا جملے میں استعمال کیے گئے رموز واوقاف پہچانیے۔

(1) سکتہ - واوین
(2) سکتہ - ختمہ
(3) فجائیہ - سوالیہ
(4) ختمہ - واوین

رف کام کے لیے خالی جگہ

**05.** درج ذیل جملے کی قسم پہچان کر مناسب متبادل کا انتخاب کیجیے۔

ماریشس کس لیے مشہور ہے؟

(1) استفہامیہ جملہ (2) فجائیہ جملہ (3) بیانیہ جملہ (4) امریہ جملہ

**06.** اکرم نے ابھی پڑھائی کی ہے۔

مندرجہ بالا جملے میں زمانے کی قسم پہچانیے۔

(1) ماضی استمراری (2) ماضی مطلق

(3) ماضی قریب (4) ماضی ناتمام

**07.** مندرجہ ذیل جملے کی قسم پہچان کر مناسب متبادل کا انتخاب کیجیے۔

برخوردار ! بھوکے مت رہنا۔

(1) سادہ جملہ (2) استفہامیہ جملہ

(3) امریہ جملہ (4) فجائیہ جملہ

**08.** ذیل کے جملے میں حروفِ عطف پہچانیے۔

'کتابوں کا مطالعہ کیجیے کیوں کہ مطالعہ ذہن کو روشن کرتا ہے۔'

(1) کا (2) کہ (3) کو (4) ہے

**09.** درج ذیل متبادلات میں اعراب پہچانیے۔

(1) ا ، و ، ی (2) ختمہ ، سکتہ ، واوین

(3) تشدید ، جزم ، تنوین (4) تم ، ہم ، آپ

**10.** ذیل میں کون سا متبادل اسمِ خاص نہیں ہے۔

(1) ممبئی (2) ہاپوس آم (3) کتاب (4) تاج محل

رف کام کے لیے خالی جگہ

**11.** ذیل کے جملے میں ضمیر پہچانیے اور صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے۔

ہم ہر اتوار جھیل کے کنارے گزارتے ہیں۔

(1) کنارے (2) جھیل

(3) اتوار (4) ہم

**12.** درج ذیل جملے کو پڑھ کر زمانے کی قسم پہچانیے۔

مرچ کے پیٹ میں بہت سے بیج ہوتے ہیں۔

(1) زمانہ حال (2) زمانہ حال مطلق (3) زمانہ حال مکمل (4) زمانہ ماضی

**13.** مثنوی ''سحرالبیان'' کے شاعر کا نام متبادلات سے منتخب کیجیے۔

(1) میر حسنؔ (2) میر انیسؔ

(3) علامہ اقبالؔ (4) عبدالاحد سازؔ

**سوال نمبر 14 سے 16 کے لیے ہدایت :**

درج ذیل اقتباس کا بغور مطالعہ کیجیے اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات کے صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے۔

انٹرنیٹ پر تقریباً ایک ہزار کروڑ ایسی ویب سائٹس موجود ہیں جو عام انسان کی پہنچ میں ہیں جن میں ایک اندازے کے مطابق تعلیمی مواد رکھنے والی ویب سائٹس دس فیصد ہیں۔ لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ بعض ویب سائٹ کی اوسط عمر پانچ سات دن سے زیادہ نہیں ہوتی۔ انٹرنیٹ پر گوگل ایک سرچ سائٹ ہے جس کو سب سے بڑا سرچ انجن تصوّر کیا جاتا ہے۔ انٹرنیٹ پر کوئی بھی شخص ذاتی ویب سائٹ بنا کر اس پر اپنی مرضی کے مطابق معلومات فراہم کر سکتا ہے اور اس معلومات کو جانچنے یا پرکھنے کا کوئی مستقبل پیمانہ موجود نہیں ہے۔ اس کا یہ مطلب بھی نہیں ہے کہ انٹرنیٹ بالکل ہی بے کار شے ہے۔ انٹرنیٹ کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ آپ کو مطلوبہ معلومات تلاش کرنے میں زیادہ وقت نہیں لگتا اور تازہ ترین معلومات فوراً دستیاب ہو جاتی ہے۔ انٹرنیٹ پر چوبیس گھنٹے معلومات دستیاب ہے۔

رف کام کے لیے خالی جگہ

**14.** انٹرنیٹ کا سب سے بڑا سرچ انجن کس کو تصوّر کیا گیا ہے؟

(1) کمپیوٹر کو
(2) گوگل کو
(3) واٹس ایپ کو
(4) ویب سائٹ کو

**15.** انٹرنیٹ پر ------------ گھنٹے معلومات دستیاب ہوتی ہے؟

(1) رات بھر
(2) بائیس گھنٹے
(3) دن بھر
(4) چوبیس گھنٹے

**16.** تعلیمی مواد رکھنے والی ویب سائٹس اندازاً کتنے فیصد ہیں؟

(1) دس
(2) بیس
(3) پانچ سات
(4) ایک ہزار کروڑ

**سوال نمبر 17 سے 19 کے لیے ہدایت :**

ذیل میں دی گئی نظم کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات کے صحیح متبادل کا انتخاب کیجیے۔

مچھّروں کا شکوہ

چپّہ چپّہ ہو گئے ہم ، نالی نالی ہو گئے
نام ہے مچھّر ہمارا ہم مثالی ہوگئے

دن میں سرگرمِ عمل ہم شب میں کب غافل رہے
مدّتوں انسان کے دکھ درد میں شامل رہے

ساتھ ہے اپنا پرانا پتھّروں کے دور سے
رات بھر لوری سُنے دنیا ہماری غور سے

رف کام کے لیے خالی جگہ

اب مگر انسان ہم سے ہر گھڑی بیزار ہے
ہر جگہ ہر موڑ پر وہ برسرِ پیکار ہے

ہم پہ ڈی ڈی ٹی چھڑک کر کر رہے ہیں قتلِ عام
ایک ننھی جان کی دشمن ہوئی دنیا تمام۔۔۔۔

**17.** شکوہ کون کر رہا ہے؟

(1) پتّھر (2) ندی

(3) نالے (4) مچھّر

**18.** رات بھر مچھّر ہمیں کیا سناتے ہیں؟

(1) نظم (2) لوری

(3) کہانی (4) شعر

**19.** مچھّروں کا قتلِ عام کس طرح ہو رہا ہے؟

(1) ہاتھوں سے مارکر (2) پتّھروں سے مارکر

(3) ڈی ڈی ٹی چھڑک کر (4) کپڑے سے اُڑا کر

**20.** '' ندیم '' اس لفظ کا ہم معنی لفظ متبادل میں سے منتخب کیجیے۔

(1) رفیق (2) پڑوسی

(3) لڑکی (4) دُشمن

رف کام کے لیے خالی جگہ

**21.** متبادلات میں متضاد الفاظ کی جوڑیاں دی گئی ہیں جس میں ایک جوڑی غلط ہے۔ اس غلط جوڑی کا متبادل پہچانیے۔

(1) عزّت × ذلّت
(2) سزا × جزا
(3) گل × خار
(4) خشک × سوکھا

**22.** اِملا کے لحاظ سے دُرست لفظ کی شناخت کیجیے۔

(1) عبدل باری
(2) ابدول باری
(3) عبدالباری
(4) ابدالباری

**23.** جان بچی لاکھوں پائے۔

مندرجہ بالا کہاوت کا مطلب متبادلات سے منتخب کیجیے۔

(1) ایک جان کے لاکھوں دُشمن
(2) مصیبت سے پیچھا چھوٹا
(3) ایک انسان کے لاکھوں پیر
(4) کام کرنے سے ہی فائدہ ہوتا ہے

**24.** 'کلیجہ اُچھلنا' اس محاورے کے معنی بتانے والا متبادل کون سا ہے؟

(1) خوش ہونا
(2) ہمت کرنا
(3) گھبراہٹ ہونا
(4) مضبوط ہونا

**25.** '' ایجاد کرنے والا '' اس الفاظ کے مجموعے کے لیے کون سا لفظ مناسب ہوگا۔ اس کا صحیح متبادل تلاش کیجیے۔


(1) موذّن
(2) محسن
(3) مصوّر
(4) موجّد

رف کام کے لیے خالی جگہ

**SECTION - II**

## MATHEMATICS

**26.** In the given figure of regular hexagon, what is the addition of all its interior angles?



(1) $360^\circ$ (2) $540^\circ$

(3) $640^\circ$ (4) $720^\circ$

**27.** A rope of length 720 metres is cut at 8 places at equal distance. What is the length of each piece in decimetre?

(1) 720 decimetre (2) 80 decimetre

(3) 800 decimetre (4) 900 decimetre

**28.** $8\frac{1}{8}$ Km = ______________ metre

(1) 812500 (2) 81250

(3) 812.5 (4) 8125

**29.** If the area of a square is 729 sq.cm. then what is its perimeter?

(1) 104 cm (2) 108 cm

(3) 112 cm (4) 116 cm

**30.** The diameter of a circular garden is 700 metres. The garden is to be fenced with 5 rounds of wire. Find the total cost of fencing, if the rate of the wire is 60 ₹ per metre

(1) 660000 ₹ (2) 924000 ₹


(3) 880000 ₹ (4) 760000 ₹

**SPACE FOR ROUGH WORK**

**SECTION - II**

# ریاضی

**26.** متصلہ شکل میں مُسدس کثیر الاضلاع کے تمام داخلہ زاویوں کی پیائش کتنی ہوگی؟



(1) $360°$ (2) $540°$ (3) $640°$ (4) $720°$

**27.** 720 میٹر لمبائی کی رسی یکساں فاصلے پر 8 جگہوں سے کاٹنے پر ہر ایک ٹکڑے کی لمبائی ڈیسی میٹر میں کتنی ہوگی؟

(1) 720 ڈیسی میٹر (2) 80 ڈیسی میٹر (3) 800 ڈیسی میٹر (4) 900 ڈیسی میٹر

**28.** $8\frac{1}{8}$ کلومیٹر = ---------- میٹر

(1) 812500 (2) 81250 (3) 812.5 (4) 8125

**29.** ایک مربع کا رقبہ 729 مربع سم ہو تو اس مربع کا احاطہ کتنا ہوگا؟

(1) 104 سم (2) 108 سم

(3) 112 سم (4) 116 سم

**30.** ایک دائرہ نما باغ کا قطر 700 میٹر ہے۔ اس باغ کے اطراف 5 پھیروں والی تار کی باڑ لگانی ہے۔ اگر تار کی قیمت 60 روپے فی میٹر ہو تو باڑ کے لئے کل کتنا خرچ ہوگا؟

(1) 660000 روپے (2) 924000 روپے (3) 880000 روپے (4) 760000 روپے

رف کام کے لیے خالی جگہ

**31.** One square is formed with a 88 cm. long wire. One circle is formed with a 88 cm. long wire. What is the difference between the area of this square and this circle?

(1) 189 sq.cm. (2) 132 sq.cm.

(3) 188 sq.cm. (4) 197 sq.cm.

**32.** A rectangular garden with length 60 metre and breadth 40 metre has a road with breadth $3\frac{1}{2}$ metre on the outer side along the sides of the garden. What is the area of that road?

(1) 849 sq.m. (2) 729 sq.m.

(3) 649 sq.m. (4) 749 sq.m.

**33.** The surface area of a cube is 294 sq.cm. What is its volume?

(1) 343 c.c.

(2) 243 c.c.

(3) 512 c.c.

(4) 443 c.c.

**34.** The soil from the pit with length 250 metres, breadth 150 metres and depth 2 metres is spread evenly on the road with length 7.5 km. and 20 metres breadth. What will be the thickness of the soil spread on the road?

(1) 0.4 metre (2) 0.6 metre

(3) 0.5 metre (4) 1 metre

**35.** The scores 623, 616, 618, 620, 617, 619, 622, 621, $x$ are given. The average of all these scores is 620. What is the value of $x$ ?

(1) 615 (2) 614

(3) 626 (4) 624

**SPACE FOR ROUGH WORK**

**31.** 88 سم لمبائی والی ایک تار سے مربع تیار کیا گیا اور دوسری 88 سم لمبائی والی تار سے ایک دائرہ بنایا گیا تو دائرے اور مربع کے رقبوں کے درمیان فرق کتنا ہوگا؟

(1) 189 مربع سم
(2) 132 مربع سم
(3) 188 مربع سم
(4) 197 مربع سم

**32.** 60 میٹر لمبے اور 40 میٹر چوڑائی والے مستطیل نما باغ کے گرد باہر کے جانب $3\frac{1}{2}$ میٹر چوڑائی والا راستہ تیار کیا گیا تو راستے کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

(1) 849 مربع میٹر
(2) 729 مربع میٹر
(3) 649 مربع میٹر
(4) 749 مربع میٹر

**33.** ایک مکعب کی کل سطح کا رقبہ 294 مربع سم ہو تو اس مکعب کا حجم کتنا ہوگا؟

(1) 343 مکعب سم
(2) 243 مکعب سم
(3) 512 مکعب سم
(4) 443 مکعب سم

**34.** 250 میٹر لمبے، 150 میٹر چوڑے اور 2 میٹر گہرے گڑھے کی مٹی 7.5 کلومیٹر لمبے، 20 میٹر چوڑے راستے پر ڈالنے پر کتنے میٹر موٹی مٹی کی تہہ تیار ہوگی؟


(1) 0.4 میٹر
(2) 0.6 میٹر
(3) 0.5 میٹر
(4) 1 میٹر

**35.** $x$ , 621 , 622 , 619 , 617 , 620 , 618 , 616 , 623 ان تمام شماروں کا میانیہ 620 ہو تو $x$ کی قیمت کتنی؟

(1) 615
(2) 614
(3) 626
(4) 624

رف کام کے لیے خالی جگہ

**Instructions for the Question No. 36 and 37 :** This joint bar graph shows the information of fruit plants and flowering plants planted in the garden by students of 8th, 9th and 10th standard of a school. Observe the bar graph and answer the questions given below.




**36.** Total how many fruit plants are planted by 8th, 9th and 10th standard students?

(1) 255 (2) 245


(3) 225 (4) 215

**SPACE FOR ROUGH WORK**

**سوال نمبر 36 اور 37 کے لیے ہدایت :**

ترسیم کی مدد سے ذیل کے سوالات کے جواب لکھیے۔

ایک اسکول کے جماعت ہشتم ، نہم اور دہم کے تمام طلبہ نے باغ میں لگائے ہوئے پھلوں کے درخت اور پھولوں کے درخت کی متصل ترسیم کا مشاہدہ کرکے سوال نمبر 36 اور 37 ان سوالات کے جوابات لکھیے۔




**36.** جماعت ہشتم، جماعت نہم اور جماعت دہم کے تمام طلبہ نے کل کتنے پھلوں کے درخت لگائے؟

(1) 255   (2) 245

(3) 225   (4) 215

رف کام کے لیے خالی جگہ

**37.** What is the ratio of total flowering plants with the total fruit plants planted by all the students?

(1) 19:17 (2) 17:15

(3) 17:16 (4) 16:19

**38.** If 20% of $x$ = 10% of 8000 then what is the value of $x$?

(1) 4000 (2) 2000

(3) 3000 (4) 5000

**39.** The cost of sugar is increased by 25% and the sale of sugar is decreased by 10% The trade will show increase or decrease by how much percent?

(1) 15% increase

(2) 15% decrease

(3) 12.5% increase

(4) 12.5% decrease

**40.** Suresh took a loan of 10,000 at the rate of 12 p.c.p.a. and 12,000 at 9 p.c.p.a. respectively from a bank. If he repaid all the loan with interest after 3 years then find the total amount he paid?

(1) 6840 ₹

(2) 28840 ₹

(3) 27800 ₹

(4) 27880 ₹

**41.** What is the difference between the simple interest on ₹ 16,000 at the rate of $12\frac{1}{2}$ p.c.p.a. for $2\frac{1}{4}$ years and on ₹ 16,000 at the rate of 10 p.c.p.a. for $2\frac{1}{2}$ years?

(1) 500 ₹ (2) 400 ₹

(3) 550 ₹ (4) 450 ₹

**SPACE FOR ROUGH WORK**

**37.** تمام طلبہ نے لگائے ہوئے کل پھولوں کے درختوں اور پھلوں کے درختوں کا تناسب کتنا ہوگا؟

(1) 19 : 17
(2) 17 : 15
(3) 17 : 16
(4) 16 : 19

**38.** 10 % کا 8000 = 20 % کا $x$ تو ؟ کتنا = $x$

(1) 4000
(2) 2000
(3) 3000
(4) 5000

**39.** شکر کی قیمت میں 25 % اضافہ ہونے پر شکر کی فروخت میں 10 فی صدی کمی واقع ہوئی تو آمدنی پر فی صدی اضافہ یا فی صدی تخفیف کتنی ہوگی؟

(1) 15 % اضافہ
(2) 15 % تخفیف
(3) 12.5 % اضافہ
(4) 12.5 % تخفیف

**40.** سریش نے دو بینکوں سے بالترتیب 12 فی صدی فی سال کی شرح سے 10000 روپے اور 9 فی صدی فی سال کی شرح سے 12000 روپے قرض لیا۔ اس نے وہ تمام قرض 3 سال میں سود کے ساتھ واپس کر دیا تو اس نے دونوں بینکوں میں کل کتنے روپے جمع کئے؟

(1) 6840 روپے
(2) 28840 روپے
(3) 27800 روپے
(4) 27880 روپے

**41.** $12\frac{1}{2}$ فی صدی فی سال کی شرح سے 16000 روپے اصل زر کا $2\frac{1}{4}$ سال کا مفرد سود اور 10 فی صدی فی سال کی شرح سے 16000 روپے اصل زر کا $2\frac{1}{2}$ سال کا مفرد سود کا درمیانی فرق کتنا ہوگا؟

(1) 500 روپے
(2) 400 روپے
(3) 550 روپے
(4) 450 روپے

رف کام کے لیے خالی جگہ

**42.** If the item is sold for ₹ 60, the loss incurred is four times the profit gained by selling the same item at ₹ 80 then what is the cost price of that item?

(1) 62 ₹

(2) 58 ₹

(3) 56 ₹

(4) 64 ₹

**43.** When a shopkeeper sold the mobile at ₹ 39711 whose marked price was ₹ 42700 then how much % discount did he give?

(1) 9%

(2) 8%

(3) 7%

(4) 6%

**44.** Ramrao purchased a tractor at ₹ 650000 through a commission agent. If $1\frac{1}{2}\%$ of commission is paid to the agent then what is the total amount paid by Ramrao?

(1) 659750 ₹

(2) 658750 ₹

(3) 660750 ₹

(4) 661750 ₹

**45.** If $x = 37$ and $y = 27$ then $xy = ?$

(1) 949

(2) 999

(3) 989

(4) 1199

**SPACE FOR ROUGH WORK**

**42.** ایک شئے کو 60 روپے میں فروخت کرنے پر جتنا نقصان ہوتا ہے۔ اس کا چار گنا نفع اس شئے کو 80 روپے میں فروخت کرنے پر ہوتا ہے تو اس شئے کی خرید قیمت کتنی ہوگی؟

(1) 62 روپے
(2) 58 روپے
(3) 56 روپے
(4) 64 روپے

**43.** ایک دکاندار نے 42700 روپے قیمت کا موبائیل 39711 روپے میں فروخت کیا تو دکاندار نے کتنے فی صد چھوٹ دی؟

(1) 9 %
(2) 8 %
(3) 7 %
(4) 6 %

**44.** اکبر نے ایک ٹریکٹر دلال کے ذریعے 650000 روپیوں میں خریدا۔ دلال کو $1\frac{1}{2}\%$ دلالی ملی تو اسے وہ ٹریکٹر کتنے روپیوں میں ملا؟

(1) 659750 روپے
(2) 658750 روپے
(3) 660750 روپے
(4) 661750 روپے

**45.** اگر $x = 37$ اور $y = 27$ تو ؟ کتنے $= xy$

(1) 949
(2) 999
(3) 989
(4) 1199

رف کام کے لیے خالی جگہ

46. $(x + 7)(x - 7)$ are factors of which of the following algebraic expression?

(1) $x^2-16x-63$

(2) $x^2+2x-63$

(3) $x^2-14x-63$

(4) $x^2-49$

47. $x^2 - 4xy + 4y^2 = ?$

(1) $(x-2y)(x-2y)$

(2) $(x+y)(x-4y)$

(3) $(x+2y)(x-2y)$

(4) $(x-y)(x-4y)$

48. Find the expansion of $(6x - 5y)^2$ from the following.

(1) $36x^2-30xy+25y^2$

(2) $36x^2+30xy+25y^2$

(3) $36x^2-60xy+25y^2$

(4) $36x^2-120xy+25y^2$

49. $(3x+4y)^2 + (3x-4y)^2 = ?$

(1) $32xy$

(2) $9x^2 + 16y^2$

(3) $9x^2 - 16y^2$

(4) $18x^2 + 32y^2$

**SPACE FOR ROUGH WORK**

**46.** $(x-7)(x+7)$ یہ اجزائے ضربی کونسی الجبری عبارت کے ہیں؟

(1) $x^2-16x-63$ (2) $x^2+2x-63$

(3) $x^2-14x-63$ (4) $x^2-49$

**47.** ? کتنے $= x^2-4xy+4y^2$

(1) $(x-2y)(x-2y)$ (2) $(x+y)(x-4y)$

(3) $(x+2y)(x-2y)$ (4) $(x-y)(x-4y)$

**48.** $(6x-5y)^2$ اس دورکنی کی توسیع کون سی ہوگی؟

(1) $36x^2-30xy+25y^2$ (2) $36x^2+30xy+25y^2$

(3) $36x^2-60xy+25y^2$ (4) $36x^2-120xy+25y^2$

**49.** ? کتنے $= (3x+4y)^2+(3x-4y)^2$

(1) $32xy$ (2) $9x^2+16y^2$

(3) $9x^2-16y^2$ (4) $18x^2+32y^2$

رف کام کے لیے خالی جگہ

**50.** $9a^2 - \frac{1}{16}b^2 = ?$

(1) $\left(3a - \frac{1}{4}b\right)\left(3a - \frac{1}{4}b\right)$

(2) $\left(3a + \frac{1}{4}b\right)\left(3a - \frac{1}{4}b\right)$

(3) $(3a + 4b)(3a - 4b)$

(4) $\left(9a + \frac{1}{4}b\right)\left(9a - \frac{1}{4}b\right)$

**51.** If $\frac{4x + 10}{5} = 6$ then $x = ?$

(1) 2 (2) 10
(3) 4 (4) 5

**52.** If thrice a certain number is added to twice the same number then it comes to 85 then which is that number?

(1) 23 (2) 17
(3) 27 (4) 29

**53.** What is the addition of odd numbers from 1 to 100?

(1) 1600 (2) 1800
(3) 2401 (4) 2500

**54.** What is the difference between smallest natural number and greatest negative integer?

(1) 0 (2) 1
(3) 2 (4) 4

**SPACE FOR ROUGH WORK**

**50.** $9a^2 - \frac{1}{16}b^2 =$ کتنے ?

(1) $\left(3a - \frac{1}{4}b\right)\left(3a - \frac{1}{4}b\right)$
(2) $\left(3a + \frac{1}{4}b\right)\left(3a - \frac{1}{4}b\right)$
(3) $(3a + 4b)(3a - 4b)$
(4) $\left(9a + \frac{1}{4}b\right)\left(9a - \frac{1}{4}b\right)$

**51.** $\frac{4x + 10}{5} = 6$ تو ? $x =$ کتنے

(1) 2
(2) 10
(3) 4
(4) 5

**52.** ایک عدد کے تین گنا میں اسی عدد کا دگنا ملانے پر 85 آتا ہو تو وہ عدد کون سا ہے؟

(1) 23
(2) 17
(3) 27
(4) 29

**53.** 1 سے 100 تک تمام طاق اعداد کا مجموعہ کتنا ہوگا؟

(1) 1600
(2) 1800
(3) 2401
(4) 2500

**54.** سب سے چھوٹا طبعی عدد اور سب سے بڑے منفی صحیح عدد کے درمیان کا فرق کتنا ہوگا؟

(1) 0
(2) 1
(3) 2
(4) 4


رف کام کے لیے خالی جگہ

**55.** $\frac{73}{99} = ?$

(1) $0.\overline{73}$ (2) $0.\overline{731}$

(3) $0.7373$ (4) $0.73473$

**56.** Observe the number line and select which of the following option denotes co-ordinate of point P on the number line?




(1) $\frac{8}{3}$ (2) $\frac{7}{3}$

(3) $\frac{-10}{3}$ (4) $\frac{9}{3}$

**57.** The divisibility test of which of the following option is applicable for all the numbers 784, 98, 196, 392

(1) 2 and 7 (2) 2, 3 and 7

(3) 2, 3, 6 (4) 3, 4 and 7

**58.** Find the square root of

$$\sqrt{1^3 + 2^3 + 3^3 + 4^3 + 5^3 + 6^3 + 7^3 + 8^3} =$$

(1) 33 (2) 34

(3) 36 (4) 38

**59.** L.C.M. of two consecutive odd natural numbers is 2499. Which is the smaller number in those two numbers?

(1) 39 (2) 49

(3) 51 (4) 41


**SPACE FOR ROUGH WORK**

**55.** ? کتنے = $\frac{73}{99}$

(1) $0.\overline{73}$ (2) $0.\overline{731}$

(3) $0.7373$ (4) $0.73473$

**56.** عددی خط کا مشاہدہ کر کے P کونسے عدد کو ظاہر کرتا ہے؟ صحیح متبادل منتخب کیجیے۔




(1) $\frac{8}{3}$ (2) $\frac{7}{3}$

(3) $\frac{-10}{3}$ (4) $\frac{9}{3}$

**57.** 784 , 98 , 196 , 392 ان تمام اعداد کو ذیل میں دیے گئے کونسے متبادل میں دیے ہوئے اعداد کی تقسیم پذیری کی کسوٹیاں کھری اترتی ہیں؟

(1) 2 اور 7 (2) 2 , 3 اور 7

(3) 2 , 3 , 6 (4) 3 , 4 اور 7

**58.** جذر المربع معلوم کیجیے۔

? کتنے = $\sqrt{1^3+2^3+3^3+4^3+5^3+6^3+7^3+8^3}$

(1) 33 (2) 34

(3) 36 (4) 38

**59.** دو ترتیب وار طاق طبعی اعداد کا م۔ذ۔ا 2499 ہو تو ان اعداد میں سے چھوٹا عدد کون سا ہوگا؟

(1) 39 (2) 49

(3) 51 (4) 41

رف کام کے لیے خالی جگہ

**60.** Which is the greatest Rational number from the given numbers.

$\frac{16}{27}, \frac{5}{9}, \frac{2}{3}, \frac{125}{243}$

(1) $\frac{125}{243}$ (2) $\frac{16}{27}$

(3) $\frac{5}{9}$ (4) $\frac{2}{3}$

**61.** $\frac{(2^5)^3}{2^7 \times 4^2} = ?$

(1) 8 (2) 12

(3) 16 (4) 32

**62.** Sunil and Anil invested ₹ 91,000 and ₹ 65000 respectively and started a business. At the end of the year they made a profit of ₹ 48300. How much is Sunil's share in profit?

(1) ₹ 29750 (2) ₹ 28175

(3) ₹ 28375 (4) ₹ 20175

**63.** 56 workers complete a work in 60 days. To complete the same work in 42 days, how many more workers are required?

(1) 80 (2) 48

(3) 36 (4) 24

**64.** Prakash completes one work in 10 days. Prasad completes the same work in 15 days. How many days will be required to complete the same work if both of them work together?

(1) 6 (2) 5

(3) 8 (4) 9

**SPACE FOR ROUGH WORK**

**60.** $\frac{16}{27}, \frac{5}{9}, \frac{2}{3}, \frac{125}{243}$ ان میں سب سے بڑا ناطق عدد کون سا ہے؟

(1) $\frac{125}{243}$ (2) $\frac{16}{27}$

(3) $\frac{5}{9}$ (4) $\frac{2}{3}$

**61.** ? کتنے $= \frac{(2^5)^3}{2^7 \times 4^2}$

(1) 8 (2) 12

(3) 16 (4) 32

**62.** مدثر اور مزمل نے بالترتیب 91000 روپے اور 65000 روپے کی حصّہ داری سے ایک کاروبار شروع کیا۔ سال کے آخر میں انھیں 48300 روپے نفع ہوا تو مدثر کا نفع میں حصّہ کتنا ہوگا؟

(1) 29750 روپے (2) 28175 روپے

(3) 28375 روپے (4) 20175 روپے

**63.** 56 مزدور ایک کام 60 دنوں میں مکمل کرتے ہیں وہی کام 42 دنوں میں مکمل کرنے کے لئے کتنے مزدور درکار ہوں گے؟

(1) 80 (2) 48

(3) 36 (4) 24

**64.** زید ایک کام 10 دنوں میں مکمل کرتا ہے احمد وہی کام 15 دنوں میں مکمل کرتا ہو تو دونوں ملکر وہی کام کتنے دنوں میں مکمل کریں گے؟

(1) 6 (2) 5

(3) 8 (4) 9

رف کام کے لیے خالی جگہ

**65.** The sale of Vegetable seller for a week from Monday to Sunday is as follows:- ₹ 3025, ₹ 3075, ₹ 3250, ₹ 3300, ₹ 2400, ₹ 2250 and $x$.

If the average of the sale is ₹ 2800 then what is the value of ($x$), the sale on Sunday?

(1) 2000 ₹ (2) 2200 ₹


(3) 2300 ₹ (4) 2400 ₹

**66.** If $m\angle P = 55^\circ$ then what is the measure of the supplementary angle of complementary angle of $\angle P$ ?

(1) $35^\circ$ (2) $145^\circ$

(3) $135^\circ$ (4) $125^\circ$

**67.** In the adjoining figure out of $\angle a$, $\angle b$, $\angle c$, $\angle d$ which angle is different?




(1) $\angle a$ (2) $\angle b$

(3) $\angle c$ (4) $\angle d$

**68.** Which of the following is a False statement?

(1) The angle bisectors of a triangle are not concurrent.

(2) The perpendicular bisectors of a triangle are concurrent.

(3) The sum of the measures of three angles of a triangle is $180^\circ$.

(4) In a triangle the sum of the length of the two smaller sides is greater than the length of the greatest side.

**SPACE FOR ROUGH WORK**

**65.** ایک سبزی فروش نے پیر تا اتوار اس ایک ہفتے میں فروخت کی ہوئی سبزی کی رقم ذیل کے مطابق دی گئی ہے۔

روپے 2250 ، روپے 2400 ، روپے 3300 ، روپے 3250 ، روپے 3075 ، روپے 3025 اور $x$ روپے

اگر ان کی اوسط فروخت 2800 روپے ہو تو اتوار کی فروخت کی ہوئی $(x)$ روپے کی سبزی کی فروخت قیمت کتنے روپے ہوگی؟

(1) 2000 روپے     (2) 2200 روپے


(3) 2300 روپے     (4) 2400 روپے

**66.** اگر $\angle P = 55°$ تو $\angle P$ کے مکملہ زاویے کے متمم زاویے کی پیمائش کتنی ہوگی؟

(1) 35°     (2) 145°

(3) 135°     (4) 125°

**67.** بازو کی شکل میں $\angle a$ , $\angle b$ , $\angle c$ , $\angle d$ ان میں سے کون سا زاویہ الگ ہے؟ وہ متبادل سے منتخب کیجیے۔




(1) $\angle a$     (2) $\angle b$

(3) $\angle c$     (4) $\angle d$

**68.** ذیل کے بیانات میں غلط بیان کون سا ہے؟

(1) مثلث کے تینوں زاویوں کے ناصف متراکز نہیں ہوتے ہیں۔


(2) مثلث کے تینوں اضلاع کے ناصف متراکز ہوتے ہیں۔

(3) مثلث کے تینوں زاویوں کی پیمائش کا مجموعہ 180° ہوتا ہے۔

(4) مثلث بناتے وقت مثلث کے بڑے ضلع کی لمبائی سے بقیہ دو اضلاع کی لمبائی کا مجموعہ زیادہ ہوتا ہے۔

رف کام کے لیے خالی جگہ

**69.** What is the perimeter of the △ PQR ?




(1) 29 cm.

(2) 41 cm.

(3) 68 cm.

(4) 70 cm.

**70.** Select the option which is not the Pythagorean triplet?

(1) 42, 56, 70

(2) 15, 36, 40

(3) 10, 24, 26

(4) 11, 60, 61

**71.** The length of the rectangle is 30 cm. and breadth is 20 cm. What is the area of the square whose perimeter is same as the perimeter of the given rectangle?

(1) 625 sq.cm.


(2) 600 sq.cm.

(3) 576 sq.cm.

(4) 529 sq.cm.

**SPACE FOR ROUGH WORK**

**69.** بازو کی شکل کا مشاہدہ کر کے معلوم کیجیے کہ PQR △ کا احاطہ کتنا ہوگا؟




(1) 29 سم
(2) 41 سم
(3) 68 سم
(4) 70 سم

**70.** ذیل کے متبادلوں میں سے فیثا غورث کے ثلاثی اعداد نہیں ہے ایسا متبادل منتخب کیجیے۔


(1) 42 , 56 , 70
(2) 15 , 36 , 40
(3) 10 , 24 , 26
(4) 11 , 60 , 61

**71.** 30 سم لمبائی اور 20 سم چوڑائی والے ایک مستطیل کا احاطہ جتنا ہے۔ اتنے ہی احاطے والے مربع کا رقبہ کتنا ہوگا؟

(1) 625 مربع میٹر
(2) 600 مربع میٹر
(3) 576 مربع میٹر
(4) 529 مربع میٹر

| <u>رف کام کے لیے خالی جگہ</u> |
| --- |
| |

**72.** In the given figure, If the area of square PQRS is 900 sq.cm. then what is the area of square ABCD formed by joining the midpoints of sides of □PQRS ?




(1) 400 sq.cm. (2) 900 sq.cm.

(3) 450 sq.cm. (4) 600 sq.cm.

**73.** If a cuboid has 6 surfaces, 8 vertices then it has how many edges?

(1) 12 (2) 14


(3) 10 (4) 13

**74.** Select the odd term.

(1) Cube (2) Square

(3) Cuboid (4) Prism

**75.** Observe the figure, two parallel lines are intersected by a transversal find $\angle a$= ?





(1) $45^{\circ}$ (2) $50^{\circ}$

(3) $65^{\circ}$ (4) $55^{\circ}$

**SPACE FOR ROUGH WORK**

**72.** بازو کی شکل میں □PQRS کا رقبہ 900 مربع سم ہو تو □PQRS کے اضلاع کے وسطی نقاط کو جوڑ کر تیار ہونے والے □ABCD کا رقبہ کتنا ہوگا؟




(1) 400 مربع سم
(2) 900 مربع سم
(3) 450 مربع سم
(4) 600 مربع سم


**73.** ایک مکعب کی 6 سطح اور 8 راسی نقاط ہو تو کناروں کی تعداد کتنی ہوگی؟

(1) 12
(2) 14
(3) 10
(4) 13

**74.** گروہ میں نہ بیٹھنے والا متبادل کون سا؟

(1) مکعب
(2) مربع
(3) مکعب نما
(4) مثلثی منشور

**75.** بازو کی شکل میں دو متوازی خطوط کو ایک خط تقاطع سے قطع کرنے کی بناء پر $\angle a =$ کتنا ؟




(1) 45°
(2) 50°
(3) 65°
(4) 55°

رف کام کے لیے خالی جگہ

رف کام کے لیے خالی جگہ